رہبر معظم کی بعض قیدیوں کی سزاؤں میں کمی اور بخشش سے موافقت - 28 /Jan/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے انقلاب اسلامی کی کامیابی کی 34ویں برسی اورختمی مرتبت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ولادت با سعادت کی مناسبت سےعام عدالتوں اور فوجی و انقلابی عدالتوں سے سزا پانے والے298 قیدیوں کی سزاؤں میں کمی اور بخشش کی درخواست سے موافقت کی ہے۔

عدلیہ کے سربراہ آیت اللہ آملی لاریجانی نے انقلاب اسلامی کی کامیابی کی برسی اور پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفی (ص) کی ولادت با سعادت کی مناسبت سے رہبر معظم انقلاب اسلامی کے نام اپنے خط میں تحریر کیا کہ متعلقہ کمیشن نے 298 افراد کی سزاؤں میں کمی اور بخشش کے شرائطتشخیص دیئے ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کئے جاتے ہیں۔ رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عدلیہ کے سربراہ کی اس درخواست کو منظور کرلیا۔